05.05.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں کلیم احمد

Music

---------------------------

1۔لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کی چناؤ مہم آج شام ختم ہورہی ہے۔

2۔مرکزی سرکار نے کہا ہے کہ بھارت میں غذائی اشیاء کیلئے جراثیم کش اجزاء کی حد کے تعلق سے دنیا کے سب سے سخت معیارات پر عمل کیا جاتا ہے۔

3۔سکیورٹی فورسز نے جموں و کشمیر کے پونچھ ضلعے میں بھارتی فضائیہ کے قافلے پر حملے کے سلسلے میں پوچھ تاچھ کیلئے چھ مشتبہ افراد کو حراست میں لیا ہے۔

4۔اَنڈر گریجویٹ میڈیکل پروگراموں میں داخلے کیلئے NEET امتحان آج پورے ملک میں کرایا جارہا ہے۔

5۔ اور آئی پی ایل کرکٹ میں ، آج پنجاب کنگس کا مقابلہ چنئی سُپر کنگس سے ہوگا ، جبکہ لکھنؤ سُپر جائنٹس کی ٹیم کولکاتہ نائٹ رائیڈرس کا سامنا کرے گی۔

اب خبریں تفصیل سے---

## Campaigning

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کی چناؤ مہم آج شام ختم ہورہی ہے۔ اس مرحلے میں منگل کے روز 10 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دادر نگر حویلی اور دمن اور دیو میں پھیلے ہوئے 93 حلقوں میں پولنگ ہوگی۔ سیاسی پارٹیاں ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے آخری لمحات کی بھرپور کوشش کررہی ہیں۔ اترپردیش میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر روڈ شو کررہے ہیں اور گھر گھر جاکر چناؤ مہم چلا رہے ہیں۔ دیگر مرحلوں کیلئے بھی چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی انتخابی مہم کیلئے آج ریاست میں اٹاوا اور Dhaurahra حلقوں میں ریلیوں سے خطاب کررہے ہیں ۔ جناب مودی آج شام ایودھیا ضلعے میں ایک روڈ شو بھی کریں گے۔ اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ اور BJP کے سرکردہ لیڈر پشکر سنگھ دھامی بھی بدایوں ضلعے میں ایک روڈ شو کرنے والے ہیں۔اِدھر اترپردیش کیلئے کانگریس کے پارٹی امور کے انچارج اویناش پانڈے کوشمبی میں پارٹی امیدوار کی حمایت میں ایک ریلی میں شرکت کررہے ہیں۔ اس مرحلے میں اترپردیش میں 10 حلقوں میں پولنگ ہوگی ۔ ان میں سمبھل ،

ہاتھرس ، آگرہ، فتح پور سیکری ، فیروز آباد ، مین پوری ، ایٹا ، بدایوں ، آنولہ اور بریلی شامل ہیں۔ اِدھر وزیر اعظم نریندر مودی آج شام اڈیشہ میں بھوبنیشور میں بھی انتخابی مہم کیلئے پہنچنے والے ہیں۔

## Assam Election

آسام میں تیسرے مرحلے کی پولنگ کیلئے سبھی سیاسی پارٹیاں رائے دہندگان کو راغب کرنے کیلئے آخری لمحات کی بھرپور کوشش کررہی ہیں۔ اس مرحلے میں لوک سبھا کی چار سیٹوں کیلئے مجموعی طور پر 47 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ آسام کے وزیر اعلیٰ اور BJP کے سرکردہ لیڈر ہیمنت بسوا سرما ، ریاستی کانگریس کے صدر بھوپیندر کمار بورا ، آسام گن پریشد کے صدر اتُل بورا اور AIUDF کے صدر بدرالدین اجمل اور دیگر رہنما آج ریلیاں کررہے ہیں۔ اِدھر دور دراز کے کچھ علاقوں میں چناؤ سے وابستہ اہلکاروں کی ٹیموں کو پولنگ کے ساز و سامان کے ساتھ روانہ کردیا گیا ہے۔ یہ ٹیمیں آج شام تک اپنے اپنے پولنگ مرکزوں پر پہنچ جائیں گی۔ نلباڑی ضلعے کے دور دراز کے علاقوں میں ، اِس کام کیلئے کشتیوں ، بیل گاڑیوں اور ٹریکٹروں کو لگایا گیا ہے۔ ریاست میں تیسرے مرحلے کی پولنگ میں 81 لاکھ سے زیادہ افراد حق رائے دہی کا استعمال کرسکیں گے۔

## Andhra Pradesh-BJP

مرکزی وزیر اور BJP کے سرکردہ لیڈر امت شاہ اور راج ناتھ سنگھ آج آندھرا پردیش میں انتخابی مہم میں شامل ہورہے ہیں۔ جناب امت شاہ سری ستیہ سائی ضلعے کے دھرما وَرم حلقے میں NDAکی حمایت میں چناؤ مہم میں حصہ لے رہے ہیں، جہاں BJP نے NDA اتحاد کے طور پر اپنا امیدوار انتخابی میدان میں اتارا ہے۔اِدھر جناب راج ناتھ سنگھ YSR ضلعے میں Jammalamadugu اور Kurnool ضلعے میں Adonee کے مقام پر انتخابی مہم میں شامل ہیں۔ BJP آندھرا پردیش میں 13 مئی کو ہونے والے واحد مرحلے کے چناؤ میں لوک سبھا کی 6 سیٹوں اور اسمبلی کی 10 سیٹوں پر انتخاب لڑ رہی ہے۔

## Rev FSSAI Pesticides

مرکز نے یہ وضاحت کی ہے کہ جراثیم کش اجزاء کی زیادہ سے زیادہ حد کے تعلق سے بھارت میں دنیا کے سب سے سخت معیارات پر عمل کیا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مختلف غذائی اشیاء کیلئے جراثیم کش اجزاء کی حد بھی الگ الگ طے کی جاتی ہے۔ زراعت کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ میڈیا اطلاعات غلط اور بدنیتی پر مبنی ہیں ، جن میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ بھارت کی فوڈ سیفٹی اور اسٹینڈرڈ اتھارٹی جڑی بوٹیوں اور مسالحوں میں 10 گنا زیادہ جراثیم کش اجزاء کی اجازت دیتی ہے۔ جراثیم کش دواؤں سے متعلق 1968 کے ایکٹ کے تحت قائم کی گئی رجسٹریشن کمیٹی اور مرکزی Insecticide بورڈ کے ذریعے وزارتِ زراعت جراثیم کش دواؤں کو منضبط کرتی ہے۔

## J&K-Poonch

جموں وکشمیر میں سیکورٹی دستوں نے کل شام سرحدی ضلعے پونچھ میں بھارتی فضائیہ کے قافلے پر حملے کے سلسلے میں پوچھ تاچھ کے لیے 6 مقامی افراد کو حراست میں لیا ہے۔ اس واقعے میں بھارتی فضائیہ کا ایک اہلکار شہید ہوگیا تھا، جبکہ 5زخمی ہوئے۔

آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ اِن مقامی افراد پر حملے میں ملوث دہشت گردوں کی مدد کرنے کا شبہ ہے۔ یہ حملہ ششی دھار جنگلاتی علاقے کے نزدیک اُس وقت کیاگیا جب گاڑیوں کا قافلہ پونچھ ضلعے کے سُرن کوٹ علاقے میں سَنائی ٹاپ کی سمت جارہا تھا۔دہشت گردوں نے فضائیہ کی گاڑی پر تقریباً 30 راؤنڈ گولیاں چلائیں۔ مقامی راشٹریہ رائفلز کی فوجی یونٹ علاقے میں محاصرے اور تلاش کی کارروائی کررہی ہے اور حملے کے لیے ذمہ دار دہشت گردوں کا پتہ لگانے کے لیے وہاں کارروائی آج دوسرے دن بھی جاری ہے۔

## IAF-Poonch

بھارتی فضائیہ نے شہید Corporal ویکی پہاڑے کے ارکانِ خاندان سے تعزیت کا اظہار کیا ہے ، جنہوں نے کل جموں و کشمیر کے پونچھ سیکٹر میں دہشت گردوں کے ساتھ گولی باری میں اپنی جان نچھاور کردی تھی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر بھارتی فضائیہ نے کہا ہے کہ ایئر چیف مارشل وی آر چودھری اور بھارتی فضائیہ کے سبھی اہلکار دِلیر ویکی پہاڑے کو سلام پیش کرتے ہیں ، جنہوں نے ملک کی خدمت کرتے ہوئے عظیم قربانی پیش کی۔

## NTA NEET

اَنڈر گریجویٹ میڈیکل کورسیز میں داخلوں کا قومی امتحان، NEETآج ملک بھر میں منعقد کیا جارہا ہے۔ ملک بھر کے 557 شہروں اور بیرون ملک کے 14 شہروں میں مختلف مراکز پر 24 لاکھ سے زیادہ امیدوار اس امتحان میں شرکت کریں گے۔

NEETامتحان بھارتی وقت کے مطابق اب سے تھوڑی دیر بعد دوپہر دو بجے سے شام پانچ بجکر 20 منٹ تک ہوگا۔

## Mumbai-High Sea Waves

گریٹر ممبئی کی میونسپل کارپوریشن نے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے ، جس میں آج رات تک اونچی اونچی لہریں اٹھنے کے تناظر میں لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ سمندر میں نہ جائیں۔ بھارتی موسمیات محکمے اور سمندری علوم سے متعلق بھارتی قومی سینٹر کے مطابق سمندر میں ڈیڑھ میٹر کی بلندی تک لہریں اٹھ سکتی ہیں ۔ میونسپل کارپوریشن نے ماہی گیروں سے بھی کہا ہے کہ وہ احتیاط برتیں۔ گریٹر ممبئی میونسپل کارپوریشن کے کمشنر نے متعلقہ اہلکاروں سے کہا ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تال میل قائم کرکے کام کریں ۔ شہر میں ساحلِ سمندر پر سکیورٹی گارڈز کو بھی یہ ہدایت دی گئی ہے کہ وہ لوگوں کو سمندر میں جانے سے روکیں۔

## IMD-Weather

محکمۂ موسمیات نے آج اور کل شمال مشرقی بھارت میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائوں کے ساتھ کہیں شدید اور کہیں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔محکمۂ موسمیات نے یہ بھی کہا ہے کہ اگلے پانچ دن کے دوران اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، سکم، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں اکا دکا مقامات پر گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائوں اور بجلی گرنے کے ساتھ ہلکی سے درمیانی بارش ہو سکتی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے اگلے پانچ دن کے دوران شمالی مغربی اور وسطی بھارت کے کئی حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں دو سے چار ڈگری سیلسیس کے اضافے کی بھی پیشگوئی ہے۔البتہ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ ملک کے کے باقی حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں کوئی خاطر خواہ تبدیلی نہیں ہوگی۔ اسی دوران دلی کے بارے میں محکمہ موسیات نے آج آسمان صاف رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت 41 اور 22 ڈگری کے آس پاس رہنے کا امکان ہے۔

## Kerala Coastal Alert

کیرالہ میں سمندری اطلاعات سے متعلق قومی مرکز INCOIS کی جانب سے دیا گیا اورینج الرٹ جاری ہے۔ یہ اِلرٹ کیرالہ اور تمل ناڈو کے ساحل پر اونچی لہروں کے اُٹھنے سے متعلق ہے۔ یہ وارننگ آج رات ساڑھے گیارہ بجے تک کیلئے ہے۔ اس صورتحال کو مقامی زبان میں Kallakadalکہا جاتا ہے۔ کیرالہ کے کئی ساحلی علاقے جیسے تروانتت پورم اور Thrissur سے سمندر کے ساحلی علاقوں میں مٹی کے شدید کٹاؤ کی خبر ہے۔ لوگوں کو ان علاقوں سے منتقل کیا جا رہا ہے۔ ساحلی علاقوں میں ہائی اِلرٹ ہے اور لوگوں کو ساحلی خطوں میں سفر کرنے سے متعلق خبردار کیا جا رہا ہے۔ ماہی گیروں کو صلاح دی گئی ہے کہ وہ حالات بہتر ہونے تک سمندر میں نہ جائیں۔

## France-China

فرانس کے صدر Emmanuel میخوں نے کہا ہے کہ یوروپ چین کے ساتھ اپنے اقتصادی روابط میں دوسری طرف سے بھی اِسی طرح کے مزید اقدامات چاہتا ہے۔ ایک میڈیا گھرانے کے ساتھ ایک انٹرویو میں فرانس کے صدر نے زور دے کر کہا کہ اقتصادی سلامتی کو یقینی بنانے کی خاطر نئے سرے سے قدم اٹھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوروپ ایک متوازن رول ادا کرسکتا ہے، جس سے چین عالمی اقتصادی منظر نامے میں برقرار رہ سکے گا۔

چین کے صدر XI Jinping کے فرانس کے دورے سے قبل جناب میخوں کا یہ بیان سامنے آیا ہے۔ چین کے صدر دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کو 60 سال پورے ہونے کا جشن منانے کے سلسلے میں فرانس کے دورے پر جانے والے ہیں۔ یوروپ کے 5 دن کے دورے کے پہلے مرحلے میں جناب XI Jinping فرانس پہنچیں گے۔

## Brazil Floods

جنوبی برازیل میں موسلا دھار بارش سے مرنے والوں کی تعداد 60 ہوگئی ہے، جبکہ ہزاروں لوگ اب بھی پھنسے ہوئے ہیں۔ امدادی اہلکاروں نے بتایا ہے کہ 67 افراد لاپتہ ہیں۔ وہاں اب تک کے سب سے شدید سیلاب سے شہروں میں تباہی ہوئی ہے اور ہزاروں لوگوں کو اپنا گھر بار چھوڑ کر جانا پڑا ہے۔ بتایاگیا ہے کہ گزشتہ 80 برس میں یہ اب تک کا سب سے شدید سیلاب ہے اور اِس کے سبب 23 ہزار سے زیادہ لوگوں کو اپنا گھر چھوڑنے پر مجبور ہونا پڑا ہےجمعرات کو دو شہروں کے درمیان ایک پن بجلی پلانٹ پر ایک باندھ کے جزوی طور پر ڈھہ جانے سے Taquariدریا کی وادی کے علاقے میں پورے شہروں میں پانی بھر گیا۔ اِن شہروں میں Lajeadoاور Estrela شامل ہیں۔

## IPL

IPLکرکٹ میں آج دھرم شالہ میں پنجاب کنگس کا مقابلہ چنئی سُپر کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ اُدھر لکھنؤ کے ایکانا کرکٹ اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے لکھنؤ سُپر جائنٹس اور کولکاتہ نائٹ رائیڈرس کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔ کل رات رائل چیلنجرس بنگلورو نے گجرات ٹائٹنس کو چار وکٹ سے ہرا دیا۔ بنگلورو کی ٹیم نے 148 رَن کا جیت کا نشانہ چھ وکٹ کھو کر حاصل کرلیا۔ وراٹ کوہلی نے 42 ، جبکہ Du Plessis نے 64 رَن اسکور کئے۔

## U-22 Youth Boxing

قزاخستان کے آستانہ میں 22 سال سے کم عمر کھلاڑیوں کی ASBCایشین یوتھ باکسنگ چمپئن شپ میں بھارت کے چار مکے باز آکاش گورکھا، وشوناتھ سریش، نِکھِل اور پریت ملِک مردوں کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ اِس شاندار کامیابی کی بدولت مختلف زمروں میں بھارت کے تمغوں کی تعداد 43 ہو گئی ہے ، جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ سینئر نیشنل چمپئن آکاش نے 60 کلوگرام کے زمرے میں سیمی فائنل میں ازبیکستان کے Ilyasov Sayat پر پانچ۔صفر سے کامیابی حاصل کی۔